# عبداللہ شاہ غازی شوگر ملز لمیٹڈ

## اطلاع برائے سینتیسواں سالانہ اجلاس عام

عبداللہ شاہ غازی شوگر ملز لمیٹڈ (کمپنی) کے ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کا سینتیسواں سالانہ اجلاس مورخہ 25 فروری 2021 بروز جمعرات کو صبح 9:00 بجے ڈائمنڈ بینکوئٹ پلاٹ نمبر سی-36-37 ایمپیئنیشن گلشن حدید فیز-1 کراچی پر مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا۔

1- 30 ستمبر 2020 کو مکمل ہونے والے سال کیلئے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں چیئرمین ریویو رپورٹ معہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی غور و خوض اور منظوری۔

2- کمپنی کے آڈیٹرز کا انتخاب اور ان کے مشاہرے کا تعین آڈٹ کمیٹی اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز سروز چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس جنہوں نے اہلیت کی بنیاد پر دوبارہ تقرری کی پیشکش کی ہے کے دوبارہ تقرری کی تجویز پیش کی ہے۔

لاہور: بحکم بورڈ

4-فروری 2021ء سلیم عباس

کمپنی سیکرٹری

### نوٹس

1- کمپنی کی شیئرز ٹرانسفر کی کتب مورخہ 19 فروری 2021ء سے 25 فروری 2021ء تک بند رہیں گی (بشمول دونوں ایام)۔ کمپنی کے آزاد شیئرز رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ سی ڈی سی ہاؤس B-99 بلاک-B ایس۔ ایم۔ سی۔ ایچ۔ ایس مین شارع فیصل کراچی کے دفتر میں 18 فروری 2021ء کاروبار کے اختتام کار (شام 5:00 بجے) وصول ہونے والی منتقلیاں سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور رائے دہی کیلئے حصص یافتگان کے استحقاق کے تعین کیلئے بروقت سمجھی جائیں۔

2- COVID-19 کی صورتحال کے نظر، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("ایس ای سی پی") نے کمپنیز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ عمومی طور پر کم از کم جسمانی تعامل کے ساتھ حصص یافتگان اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے اجلاس عام میں اپنی معمول کی منصوبہ بندی میں ترمیم کریں۔ کمپنی کے ممبران اور عوام الناس کے تحفظ اور فلاح و بہبود کیلئے اسمارٹ فون/ٹیبلٹ/کمپیوٹرز کا استعمال کرتے ہوئے ویڈیو لنک کے ذریعہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کر سکتے ہیں۔ ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کیلئے ممبران اور ان کے پراکسیز سے استدعا ہے کہ وہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (دونوں اطراف)/پاسپورٹ، بورڈ کی قرارداد/پاور آف اٹارنی (کارپوریٹ حصص یافتگان کی صورت میں) کی تصدیق شدہ کاپی کے ساتھ مندرجہ ذیل معلومات مورخہ 23 فروری 2021 تک بذریعہ واٹس ایپ 03028407700 یا ای میل saleem.magsi@maccagroup.com پر فراہم کر کے اپنا اندراج کریں۔

| حصص دار کا نام | CNIC نمبر | سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر/فولیو نمبر | سیل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|

مطلوبہ تصدیق کے بعد رجسٹرڈ شدہ ممبران کو کمپنی کی جانب سے فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر ایک ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا۔ لاگ ان کی سہولت اجلاس کے آغاز سے اس کی کارروائی مکمل ہونے تک کھلا رہے گی۔

AGM کے ایجنڈے پر اپنے تاثرات/تجاویز بھیجنے کے خواہش مند حصص یافتگان کمپنی کو saleem.magsi@maccagroup.com پر ای میل یا 03028407700 واٹس ایپ پر کر سکتے ہیں۔ کمپنی اس بات کو یقینی بنائے گی کہ شیئر ہولڈرز کے تبصرے/مشورے اجلاس میں پڑھ کر سنائے جائیں گے اور جوابات کو اجلاس کی کارروائی کا حصہ بنایا جائے گا۔

حصص یافتگان کو بھی اس بات کی صلاح دی جاتی ہے کہ وہ کم سے کم عوامی تعامل کیلئے پراکسیوں کے ذریعہ اپنی حاضری اور شرکت کو یقینی بنائیں۔

3- اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کا/کی اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت کرنے اور رائے دہی کیلئے دوسرے ممبر کو اپنا پروکسی مقرر کر سکتا/سکتی ہے اور اس حیثیت سے مقررہ پراکسی یہ حق حاصل ہوگا کہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت، بولنے اور رائے دہی کر سکیں۔ جیسا کہ ممبران کو دستیاب ہیں۔ پراکسی کو کمپنی کا ممبر ہونا ضروری ہے۔

4- پراکسی اور پاور آف اٹارنی یا دیگر اتھارٹی کی تقرری کیلئے دستاویزات پر دستخط کرنا ہوگا یا پاور آف اٹارنی کی نوٹری سے تصدیق شدہ کاپی اجلاس ہذا کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر موصول ہو جانے چاہئیں۔ انگریزی اور اردو زبانوں میں سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ پراکسی فارم ممبران کو بھیج دیئے گئے ہیں۔

5- ممبران جنہوں نے اپنے شیئرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) میں جمع کرائے ہیں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کی پیروی کرنی ہوگی۔

**الف اجلاس میں شرکت کیلئے**

1) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا فرد کو جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات قوائد کے مطابق اپ لوڈ ہوں یعنی شناخت کیلئے اصل سی این آئی سی یا/اصل پاسپورٹ اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔

ii) کارپوریٹ انٹائٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخطی نمونے (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔

**ب پراکسی کی تقرری کیلئے**

i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا شخص کی جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات قوائد کے مطابق اپ لوڈ ہوں پروکسی فارم مندرجہ بالا شرائط کے مطابق جمع کروانا ہوگا۔

ii) پراکسی فارم پر دو اشخاص کی گواہی ہونی چاہئیں جن کے نام پتہ اور سی این آئی سی نمبرز فارم میں درج ہو۔

iii) بینیفیشل اونرز اور پروکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پروکسی فارم کے ہمراہ منسلک ہونا چاہئے۔

iv) پروکسی کو اجلاس کے موقع پر اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

v) کارپوریٹ انٹائٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) پروکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کو پیش کرنا ہوگا۔

6) **پتے میں تبدیلی**

ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے پتے میں تبدیلی کی صورت میں بروقت کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو آگاہ کریں۔

7) **کمپنی کی ویب سائٹ پر مالی گوشواروں اور دیگر معلومات کی فراہمی**

کمپنی نے 30 ستمبر 2020ء کو مکمل ہونے والے سال کے لئے سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کی ایک کاپی، آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ اور دیگر تفصیلات کے ساتھ ہماری ویب سائٹ www.asgsml.com پر آویزاں کر دیئے گئے ہیں۔